
I-SAPS
Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

الف اعلان Alif Ailaan

# ضلع پشاور

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

## 2015ء














# ضلع پشاور

# تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

# 2015ء

ضلع پشاور

تعلیمی لحاظ سے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی

2015ء

مطبوعات:

انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز

مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد

پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان

فون: 0092-51-111-739739، فیکس: 0092-51-2925336

ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: الف اعلان

ISBN: 978-969-9393-82-2

© 2015 I-SAPS, Islamabad.

رینکنگ کارڈ میں دیئے گئے اعداد و شمار و معلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔

اس ایجنڈا کے مندرجات سے الف اعلان کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

# فہرست


1- تعارف ........ 1
2- بنیادی مقاصد ........ 1
3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology) ........ 1
4- تعلیمی معیار کے اعداد وشمار (تعلیمی سکور) ........ 1
5- سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد وشمار (سکول سکور) ........ 1
6- حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی ........ 2
7- گراف نمبر 1 (صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی معیار کے لحاظ سے اعداد وشمار اور درجہ بندی) ........ 3
8- گراف نمبر 2 (صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد وشمار اور درجہ بندی) ........ 4
9- نقشہ نمبر 1 (صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی) ........ 5
10- نقشہ نمبر 2 (صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی) ........ 6

## 1- تعارف:

ضلع پشاور میں تعلیمی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے صوبائی اسمبلی کے حلقوں کی سطح پر تعلیمی اعداد وشمار کا تجزیہ کیا گیا، جس کی بنیاد پر ان حلقوں کی تعلیمی معیار اور سہولیات تک رسائی کے اعتبار سے درجہ بندی کی گئی ہے۔ صوبائی حلقوں کا یہ دوسرا سالانہ رینکنگ کارڈ ہے جو ہر سال شائع کیا جاتا ہے تا کہ ہر سال حلقوں میں ہونے والی تعلیمی پیشرفت کا جائزہ لیا جا سکے۔ اس رینکنگ کارڈ میں ضلع پشاور کے تمام صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کی گئی ہے جن میں پی کے **-01**، پی کے **-02**، پی کے **-03** پی کے **-04**، پی کے **-05**، پی کے **-06**، پی کے **-07**، پی کے **-08**، پی کے **-09**، پی کے **-10** اور پی کے **-11** شامل ہیں۔

## 2- بنیادی مقاصد:

صوبائی حلقوں کی تعلیمی درجہ بندی کا مقصد عوامی نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کو حلقے میں موجود طلباء وطالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے معاونت فراہم کرنا ہے تا کہ وہ اپنے حلقہ کی تعلیمی صورتحال بہتر کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کریں اور تعلیمی خامیوں اور سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے فقدان کو کم کیا جا سکے۔ یہ رینکنگ کارڈ حلقہ میں موجود ووٹرز کو بھی معاونت فراہم کرے گا کہ وہ اپنے حلقے کے تعلیمی مسائل کو اپنے منتخب نمائندوں اور مقامی سیاستدانوں کے سامنے مؤثر طریقے سے پیش کر سکیں جس سے ان مسائل کو حل کرنے میں کافی مدد ملے گی۔

## 3- درجہ بندی کا طریقہ کار (Ranking Methodology):

ضلع کے صوبائی حلقوں کی درجہ بندی کیلئے دو طرح کے اعداد وشمار کو استعمال کیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

### (i) تعلیمی معیار کے اعداد وشمار (تعلیمی سکور)


حلقوں میں موجود سکولوں کی تعلیمی صورتحال کے بارے میں اعداد وشمار جمع کیے گئے ہیں۔ ان تعلیمی اعداد وشمار میں نویں اور دسویں جماعت کے امتحانی نتائج (فیصد)، طلباء کمرہ جماعت تناسب اور طلباء اساتذہ تناسب کے متعلق اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ ان چار Indicators کی اوزانی اوسط (Weighted Average) مجموعی تعلیمی سکور کو ظاہر کرتی ہے۔

### (ii) سکولوں میں دستیاب سہولتوں کے اعداد وشمار (سکول سکور)


اس حصہ میں حلقوں میں موجود سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولتوں کے حوالے سے اعداد وشمار لیے گئے ہیں۔ ان دستیاب سہولتوں میں چار دیواری، پینے کا پانی، لیٹرین اور بجلی شامل ہیں۔ ان چار دستیاب سہولتوں کی اوسط فراہمی (Weighted Average) سکول سکور کو ظاہر کرے گی۔

درج بالا طریقے سے اگلے صفحہ پر دیئے گئے جدول میں تعلیمی معیار اور دستیاب سہولتوں کے لحاظ سے حلقوں کی درجہ بندی ظاہر کی گئی ہے۔

# حلقہ جاتی تعلیمی درجہ بندی




## گراف نمبر 1: صوبائی حلقہ جات کے تعلیمی لحاظ سے اعداد و شمار اور درجہ بندی




| PK-10 | PK-2 | PK-1 | PK-4 | PK-7 | PK-6 | PK-9 | PK-3 | PK-8 | PK-5 | PK-11 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 35.70 | 44.16 | 53.13 | 40.29 | 41.59 | 47.85 | 49.40 | 60.45 | 52.90 | 60.37 | 61.49 | دسویں جماعت کے نتائج 30% |
| 76.13 | 70.28 | 84.23 | 77.67 | 83.28 | 80.16 | 83.00 | 74.09 | 89.69 | 79.82 | 88.82 | نویں جماعت کے نتائج 20% |
| 74.22 | 77.02 | 60.14 | 81.62 | 81.48 | 80.45 | 77.45 | 75.17 | 77.01 | 82.16 | 77.54 | طلباء کمرہ جماعت تناسب 25% |
| 81.06 | 88.69 | 91.51 | 90.29 | 83.40 | 83.96 | 86.38 | 90.83 | 80.90 | 85.10 | 82.62 | طلباء اساتذہ تناسب 25% |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PK-11 کا مجموعی تعلیمی سکور 78.98 ہے جو کہ ضلع پشاور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے PK-11 پہلے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PK-5 کا مجموعی تعلیمی سکور 77.83 ہے جو کہ ضلع پشاور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔
صوبائی اسمبلی کے حلقہ PK-8 کا مجموعی تعلیمی سکور 76.96 ہے جو کہ ضلع پشاور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں تعلیمی کارکردگی کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر ہے۔
ضلع پشاور کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں گے تاکہ اگلی درجہ بندی میں ان کا شمار پہلے 3 حلقہ جات میں ہو سکے۔

## گراف نمبر2: صوبائی حلقہ جات کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے حوالے سے اعداد و شمار اور درجہ بندی





| PK-10 | PK-8 | PK-11 | PK-7 | PK-6 | PK-5 | PK-9 | PK-1 | PK-3 | PK-4 | PK-2 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 90.43 | 90.97 | 92.15 | 93.83 | 98.51 | 97.73 | 97.99 | 93.15 | 98.33 | 98.53 | 100 | لیٹرین 20% |
| 91.49 | 93.55 | 95.29 | 95.68 | 97.76 | 98.86 | 97.99 | 100 | 98.33 | 100 | 100 | چاردیواری 30% |
| 51.60 | 63.87 | 63.87 | 46.30 | 73.88 | 79.55 | 81.88 | 93.15 | 90 | 98.53 | 98.81 | بجلی 20% |
| 64.89 | 79.35 | 80.10 | 90.74 | 88.81 | 96.59 | 95.97 | 97.26 | 98.33 | 98.53 | 100 | پانی 30% |

- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PK-2 کا مجموعی سکول سکور 99.76 ہے جو کہ ضلع پشاور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں سب سے زیادہ ہے' لہٰذا بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے اعتبار سے PK-2 پہلے نمبر پر ہے۔
- صوبائی اسمبلی کے حلقہ PK-4 کا مجموعی سکول سکور 98.82 ہے جو کہ ضلع پشاور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔
صوبائی اسمبلی کے حلقہ PK-3 کا مجموعی سکول سکور 96.67 ہے جو کہ ضلع پشاور کے تمام صوبائی اسمبلی کے حلقہ جات میں بنیادی سہولتوں کی دستیابی کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر ہے۔
ضلع پشاور کے شہری یہ توقع رکھتے ہیں کہ باقی تمام حلقہ جات کے تعلیمی ادارے بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں گے تا کہ اگلی درجہ بندی میں ان کا شمار پہلے 3 حلقہ جات میں ہو سکے۔

## نقشہ نمبر1: صوبائی حلقوں کی تعلیمی لحاظ سے درجہ بندی


| حلقہ نمبر | درجہ بندی 2015ء | درجہ بندی 2014ء |
|---|---|---|
| پی کے-11 | 1st | 5th |
| پی کے-05 | 2nd | 3rd |
| پی کے-08 | 3rd | 9th |
| پی کے-03 | 4th | 8th |
| پی کے-09 | 5th | 4th |
| پی کے-06 | 6th | 1st |
| پی کے-07 | 7th | 2nd |
| پی کے-04 | 8th | 6th |
| پی کے-01 | 9th | 11th |
| پی کے-02 | 10th | 7th |
| پی کے-10 | 11th | 10th |




حلقہ PK-11 موجودہ تعلیمی رینکنگ میں پہلے نمبر پر ہے جبکہ سابقہ رینکنگ میں یہ پانچویں نمبر پر تھا۔ تعلیمی لحاظ سے رینکنگ میں یہ بہتری بڑی خوش آئند بات ہے۔ اسی طرح PK-05 سابقہ رینکنگ میں تیسرے نمبر پر تھا' نویں اور دسویں جماعت کے بہتر نتائج کے باعث موجودہ رینکنگ میں دوسرے نمبر پر آ چکا ہے۔ PK-08 پہلی رینکنگ میں نویں نمبر پر تھا جبکہ موجودہ رینکنگ میں تیسرے نمبر پر آ چکا ہے جو کہ ظاہر کرتا ہے کہ گزشتہ سال میں تعلیمی لحاظ سے اس حلقے میں کافی حد تک بہتری آئی ہے۔

## نقشہ نمبر2: صوبائی حلقوں کی سکولوں میں موجود بنیادی سہولتوں کے حوالے سے درجہ بندی

| حلقہ نمبر | درجہ بندی 2015ء | درجہ بندی 2014ء |
|---|---|---|
| پی کے-02 | 1st | 5th |
| پی کے-04 | 2nd | 4th |
| پی کے-03 | 3rd | 1st |
| پی کے-01 | 4th | 3rd |
| پی کے-09 | 5th | 6th |
| پی کے-05 | 6th | 2nd |
| پی کے-06 | 7th | 7th |
| پی کے-07 | 8th | 8th |
| پی کے-11 | 9th | 11th |
| پی کے-08 | 10th | 10th |
| پی کے-10 | 11th | 9th |




حلقہ PK-2 موجودہ رینکنگ میں پہلے نمبر پر ہے جبکہ سابقہ رینکنگ میں یہ حلقہ پانچویں نمبر پر تھا۔ اس بہتری کی وجہ سے اس سال حلقے کے 100 فیصد سکولوں میں بجلی، لیٹرین اور پانی کی سہولیات کا موجود ہونا ہے۔ اسی طرح PK-04 سابقہ رینکنگ میں چوتھے نمبر پر تھا لیکن موجودہ رینکنگ میں دوسرے نمبر پر آ چکا ہے جبکہ PK-03 اپنی پہلے والی پوزیشن برقرار نہ رکھتے ہوئے پہلی سے تیسری پوزیشن پر آ چکا ہے۔ PK-05 سکولوں میں بنیادی سہولیات کی دستیابی کے حوالے سے پہلی رینکنگ میں دوسرے نمبر پر تھا لیکن موجودہ رینکنگ میں چھٹے نمبر پر آ گیا ہے جو کہ حلقے کے عمائدین اور عوامی نمائندگان کی توجہ کا طالب ہے۔

نوٹ: رینکنگ کارڈ میں استعمال کیے گئے اعداد وشمار حکومتِ خیبر پختونخوا سے حاصل کیے گئے ہیں۔

ضلع پشاور میں تعلیمی صورتحال میں بہتری لانے کی خاطر انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز(I-SAPS) الف اعلان (Alif Ailaan) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

I-SAPS Institute of Social and Policy Sciences
*Informing Policies, Reforming Practices*

انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز(I-SAPS) ایک قومی اور پالیسی سازی میں معاونت کرنے والا ادارہ ہے جو سماجی، معاشی و قانونی موضوعات پر تحقیق میں سرگرم عمل ہے۔شعبۂ تعلیمI-SAPS کا ایک اہم تحقیقی موضوع ہے۔I-SAPS نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر شعبۂ تعلیم کی مختلف جہتوں پر تحقیق کی ہے جن میں تعلیم کیلئے مختص کیے جانے والے بجٹ اور اس کا استعمال' تعلیم کے لیے کی جانے والی قانون سازی' نجی تعلیمی شعبہ کا انتظام و انصرام وغیرہ شامل ہیں۔

ISBN: 978-969-9393-82-2

یہ رینکنگ کارڈ I-SAPS نے الف اعلان کی معاونت سے تیار کیا ہے۔الف اعلان کا اس کارڈ کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

مزید معلومات کیلئے

www.i-saps.org info@i-saps.org 051-111-739-739

@I_SAPS facebook.com/I-SAPS.pk